پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون:۲۴۱۹۸۰۰۰ ایکسٹنشن:۸۸۲۲

فیکس: ۸۶۲۹ / ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۹۱۔۱۱) انٹرنیٹ : http://newdelhi.usembassy.gov

شعبۂ امور عامہ
سفارتخانہ امریکا

امریکا کی مدد سے نئی دلی میں
بین الاقوامی ایوین فلو کانفرنس

نئی دلی ۲۴ رجولائی ۲۰۰۶: ایشیا میں وبائی بخار (ایوین انفلوئنزہ) کے انسداد اور تدارک کی تیاری کے موضوع پر وزرائے صحت و زراعت کی دوروزہ کانفرنس نئی دلی میں ۲۷ اور ۲۸ جولائی کو منعقد ہوگی۔ اس کانفرنس میں ہندوستان اور کئی پڑوسی ممالک کے وزراء اور ماہرین شرکت کریں گے۔ کانفرنس کا اہتمام اقوام متحدہ فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کے تعاون سے حکومت ہند اور عالمی صحت تنظیم (WHO) نے مشترکہ طور پر کیا ہے۔

امریکی حکومت اس کانفرنس کے انعقاد کے لئے مالی و تکنیکی تعاون فراہم کرا رہی ہے۔ امریکی محکمۂ صحت و انسانی خدمات نے کانفرنس کے لئے آج ۵۰ ہزار امریکی ڈالر (۲۳ لاکھ روپے) کا گرانٹ دیا۔ امریکی سفارت خانہ کے ناظم الامور جناب جیفری آر۔ پایٹ اور ہندوستان میں عالمی صحت تنظیم کے نمائندہ ڈاکٹر سالم جے۔ حبایب نے گرانٹ کے سمجھوتے پر دستخط کئے۔ امریکی ایجنسی برائے بین الاقوامی ترقیات (USAID) نے بھی اس کانفرنس کے لئے عالمی صحت تنظیم کو ۵۰ ہزار امریکی ڈالر کی مدد فراہم کرائی ہے۔

اس کانفرنس کے مقاصد میں عالمی صحت و تحفظ کے لئے اس متعدی مرض کے خطرے سے نمٹنا، ایوین فلو اور اسکے منفی اثرات کا جائزہ لینا، متحدہ اور ہمہ جہت کوششوں کے لئے قومی سطح پر تدارکی نظام میں سب کو شریک کرنا اور اس وبائی خطرے کے خلاف موثر کارروائی کے لئے بین ملکی تعاون کو مضبوط کرنا شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆